پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن (پیما)

پیما سیکرٹریٹ۔دوسری منزل' شالیمار سنٹر' ایف ایٹ مرکز' اسلام آباد۔فون نمبر 2261943' فیکس 2857132

''بازاروں میں رش اور مذہبی جلوسوں نے کورونا پھیلاؤ کا خطرہ مزید بڑھا دیا ہے''

پریس ریلیز: 18/مئی 2020ء

پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن (پیما) اسلام آباد کے صدر ڈاکٹر افتخار برنی نے ڈاکٹرز کی تمام نمائندہ تنظیموں کے موقف کے برخلاف لاک ڈاؤن اٹھانے کے اعلان اور اسکے نتیجے میں سڑکوں، بازاروں اور مارکیٹوں میں عوام کے بے پناہ ہجوم پر شدید تحفظات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ لاک ڈاؤن پہلے ہی جزوی اور بہت حد تک غیر مؤثر تھا لیکن موجودہ صورتحال اور 21 رمضان کو نکالے جانے والے مذہبی جلوسوں سے کورونا انفیکشن کے خوفناک حد تک پھیلاؤ کا خطرہ مزید بڑھ گیا ہے۔ان جلوسوں کے نتیجے میں کسی بھی دوسرے طبقے کو بھی ایس او پیز پر قائم رہنے پر مجبور کرنا ناممکن ہو گیا ہے۔

ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ ہمارا ہیلتھ کیئر سسٹم پہلے ہی کمزور اور طویل عرصے سے حکومتی توجہ سے محروم ہے۔کورونا انفیکشن کے پھیلاؤ سے ہمارا ہیلتھ کیئر سسٹم بالکل منہدم ہونے کا امکان ہے۔طبی ماہرین پہلے ہی بیماری کی موجودگی کے حوالے سے سوشل میڈیا پر بے بنیاد پروپگنڈے کے زیر اثر عوام کی کورونا کی حقیقت سے یکسر انکار کی کیفیت اور ناخواندگی کے باعث ایس او پیز کی عدم پیروی کے واضح امکانات کے بارے میں متنبہ کرتے رہے ہیں چنانچہ اب دیکھا گیا ہے کہ بازاروں، مارکیٹوں، شاہراہوں اور مذہبی جلوسوں میں ایس او پیز کو بری طرح نظر انداز کیا گیا اور تمام احتیاطی تدابیر کی دھجیاں اڑا دی گئیں۔قانون نافذ کرنے والے ادارے بھی سڑکوں اور بازاروں پر ایس او پیز کی پابندی کروانے میں یکسر ناکام رہے ہیں۔

پیما اسلام آباد کے صدر نے حکومت سے اپیل کی کہ وہ لاک ڈاؤن اٹھانے کے اپنے فیصلے پر نظر ثانی کرے یا اس میں انتہائی سائنسی بنیادوں پر استوار حکمت عملی کے ساتھ مرحلہ وار آسانی کرے بصورت دیگر حکومت اور عوام دونوں کورونا کے حوالے سے انتہائی سخت اور خدانخواستہ بدترین حالات کا سامنا کرنے کے لیے تیار رہیں۔

جاری کردہ

عبدالودود

میڈیا کوآرڈی نیٹر، پاکستان اسلامک میڈیکل ایسوسی ایشن

0332-5564935